Lecturer & Coach (Sec. Edu. Deptt.) Comp. Exam - 2025
Exam Date - 07.06.2026
22.6.2026

पुस्तिका में पृष्ठों की संख्या : 24
Number of Pages in Booklet : 24
पुस्तिका में प्रश्नों की संख्या : 150
No. of Questions in Booklet : 150

**LCS-26**

इस प्रश्न-पुस्तिका को तब तक न खोलें जब तक कहा न जाए । Do not open this Question Booklet until you are asked to do so.

6266013

प्रश्न-पुस्तिका संख्या व बारकोड / Question Booklet No. & Barcode

**Paper Code : 16**

**Paper – II**
**Sub : Urdu**

**समय : 03:00 घण्टे + 10 मिनट अतिरिक्त***
**Time : 03:00 Hours + 10 Minutes Extra***

**अधिकतम अंक : 300**
**Maximum Marks : 300**

**प्रश्न-पुस्तिका के पेपर की सील/पॉलिथिन बैग को खोलने पर प्रश्न-पत्र हल करने से पूर्व परीक्षार्थी यह सुनिश्चित कर लें कि :**
- **प्रश्न-पुस्तिका संख्या तथा ओ.एम.आर. उत्तर-पत्रक पर अंकित बारकोड संख्या समान हैं ।**
- **प्रश्न-पुस्तिका एवं ओ.एम.आर. उत्तर-पत्रक के सभी पृष्ठ व सभी प्रश्न सही मुद्रित हैं । समस्त प्रश्न, जैसा कि ऊपर वर्णित है, उपलब्ध हैं तथा कोई भी पृष्ठ कम नहीं है/ मुद्रण त्रुटि नहीं है ।**

**किसी भी प्रकार की विसंगति या दोषपूर्ण होने पर परीक्षार्थी वीक्षक से दूसरा प्रश्न-पत्र प्राप्त कर लें । यह सुनिश्चित करने की जिम्मेदारी अभ्यर्थी की होगी । परीक्षा प्रारम्भ होने के 5 मिनट पश्चात् ऐसे किसी दावे/आपत्ति पर कोई विचार नहीं किया जायेगा ।**

**On opening the paper seal/polythene bag of the Question Booklet before attempting the question paper, the candidate should ensure that :**
- **Question Booklet Number and Barcode Number of OMR Answer Sheet are same.**
- **All pages & questions of Question Booklet and OMR Answer Sheet are properly printed. All questions as mentioned above are available and no page is missing/misprinted.**

**If there is any discrepancy/defect, candidate must obtain another Question Booklet from Invigilator. Candidate himself shall be responsible for ensuring this. No claim/objection in this regard will be entertained after five minutes of start of examination.**

## परीक्षार्थियों के लिए निर्देश

1. **प्रत्येक प्रश्न के लिये एक विकल्प भरना अनिवार्य है ।**
2. **सभी प्रश्नों के अंक समान हैं ।**
3. प्रत्येक प्रश्न का मात्र **एक** ही उत्तर दीजिए । एक से अधिक उत्तर देने की दशा में प्रश्न के उत्तर को गलत माना जाएगा ।
4. **OMR** उत्तर-पत्रक इस प्रश्न-पुस्तिका के अन्दर रखा है । जब आपको प्रश्न-पुस्तिका खोलने को कहा जाए, तो उत्तर-पत्रक निकाल कर ध्यान से केवल **नीले बॉल पॉइंट पेन** से विवरण भरें ।
5. कृपया अपना रोल नम्बर ओ.एम.आर. उत्तर-पत्रक पर सावधानीपूर्वक सही भरें । गलत रोल नम्बर भरने पर परीक्षार्थी स्वयं उत्तरदायी होगा ।
6. **ओ.एम.आर. उत्तर-पत्रक में करेक्शन पेन/व्हाईटनर/सफेदा का उपयोग निषिद्ध है ।**
7. **प्रत्येक गलत उत्तर के लिए प्रश्न अंक का 1/3 भाग काटा जायेगा** । गलत उत्तर से तात्पर्य अशुद्ध उत्तर अथवा किसी भी प्रश्न के एक से अधिक उत्तर से है ।
8. **प्रत्येक प्रश्न के पाँच विकल्प दिये गये हैं, जिन्हें क्रमशः 1, 2, 3, 4, 5 अंकित किया गया है । अभ्यर्थी को सही उत्तर निर्दिष्ट करते हुए उनमें से केवल एक गोले (बबल) को उत्तर-पत्रक पर नीले बॉल पॉइंट पेन से गहरा करना है ।**
9. **यदि आप प्रश्न का उत्तर नहीं देना चाहते हैं तो उत्तर-पत्रक में पाँचवें (5) विकल्प को गहरा करें । यदि पाँच में से कोई भी गोला गहरा नहीं किया जाता है, तो ऐसे प्रश्न के लिये प्रश्न अंक का 1/3 भाग काटा जायेगा ।**
10.* **प्रश्न-पत्र हल करने के उपरांत अभ्यर्थी अनिवार्य रूप से ओ.एम.आर. उत्तर-पत्रक जाँच लें कि समस्त प्रश्नों के लिये एक विकल्प (गोला) भर दिया गया है । इसके लिये ही निर्धारित समय से 10 मिनट का अतिरिक्त समय दिया गया है ।**
11. **यदि अभ्यर्थी 10% से अधिक प्रश्नों में पाँच विकल्पों में से कोई भी विकल्प अंकित नहीं करता है तो उसको अयोग्य माना जायेगा ।**
12. **मोबाइल फोन अथवा अन्य किसी इलेक्ट्रोनिक यंत्र का परीक्षा हॉल में प्रयोग पूर्णतया वर्जित है । यदि किसी अभ्यर्थी के पास ऐसी कोई वर्जित सामग्री मिलती है तो उसके विरुद्ध आयोग द्वारा नियमानुसार कार्यवाही की जायेगी ।**

**चेतावनी :** अगर कोई अभ्यर्थी नकल करते पकड़ा जाता है या उसके पास से कोई अनधिकृत सामग्री पाई जाती है, तो उस अभ्यर्थी के विरुद्ध पुलिस में प्राथमिकी दर्ज कराते हुए राजस्थान सार्वजनिक परीक्षा (भर्ती में अनुचित साधनों की रोकथाम अध्युपाय) अधिनियम, 2022 तथा अन्य प्रभावी कानून एवं आयोग के नियमों-प्रावधानों के तहत कार्यवाही की जाएगी । साथ ही आयोग ऐसे अभ्यर्थी को भविष्य में होने वाली आयोग की समस्त परीक्षाओं से विवर्जित कर सकता है ।

## INSTRUCTIONS FOR CANDIDATES

1. **It is mandatory to fill one option for each question.**
2. **All** questions carry equal marks.
3. Only **one** answer is to be given for each question. If more than one answers are marked, it would be treated as wrong answer.
4. The **OMR** Answer Sheet is inside this Question Booklet. When you are directed to open the Question Booklet, take out the Answer Sheet and fill in the particulars carefully with **Blue Ball Point Pen** only.
5. Please correctly fill your Roll Number in **OMR** Answer Sheet. Candidates will themselves be responsible for filling wrong Roll No.
6. **Use of Correction Pen/Whitener in the OMR Answer Sheet is strictly forbidden.**
7. **1/3 part of the mark(s) of each question will be deducted for each wrong answer.** A wrong answer means an incorrect answer or more than one answers for any question.
8. **Each question has five options marked as 1, 2, 3, 4, 5. You have to darken only one circle (bubble) indicating the correct answer on the Answer Sheet using BLUE BALL POINT PEN.**
9. **If you are not attempting a question then you have to darken the circle '5'. If none of the five circles is darkened, one third (1/3) part of the marks of question shall be deducted.**
10.* **After solving question paper, candidate must ascertain that he/she has darkened one of the circles (bubbles) for each of the questions. Extra time of 10 minutes beyond scheduled time is provided for this.**
11. **A candidate who has not darkened any of the five circles in more than 10% questions shall be disqualified.**
12. **Mobile Phone or any other electronic gadget in the examination hall is strictly prohibited. A candidate found with any of such objectionable material with him/her will be strictly dealt with as per rules.**

**Warning :** If a candidate is found copying or if any unauthorized material is found in his/her possession, F.I.R. would be lodged against him/her in the Police Station and he/she would be liable to be prosecuted under **Rajasthan Public Examination (Measures for Prevention of Unfair means in Recruitment) Act, 2022 & any other laws applicable and Commission's Rules-Regulations.** Commission may also debar him/her permanently from all future examinations.

**उत्तर-पत्रक में दो प्रतियाँ हैं – मूल प्रति और कार्बन प्रति । परीक्षा समाप्ति पर परीक्षा कक्ष छोड़ने से पूर्व परीक्षार्थी उत्तर-पत्रक की दोनों प्रतियाँ वीक्षक को सौंपेंगे, परीक्षार्थी स्वयं कार्बन प्रति अलग नहीं करें । वीक्षक उत्तर-पत्रक की मूल प्रति को अपने पास जमा कर, कार्बन प्रति को मूल प्रति से कट लाइन से मोड़ कर सावधानीपूर्वक अलग कर परीक्षार्थी को सौंपेंगे, जिसे परीक्षार्थी अपने साथ ले जायेंगे । परीक्षार्थी को उत्तर-पत्रक की कार्बन प्रति चयन प्रक्रिया पूर्ण होने तक सुरक्षित रखनी होगी एवं आयोग द्वारा माँगे जाने पर प्रस्तुत करनी होगी ।**

Lecturer 2 (Coach (Sec. Edu. Dept) Comp. Exam - 2025
Exam Date - 07.06.2026

**1.** ہیئت کے اعتبار سے قصیدہ کے پہلے شعر کے دونوں مصرعے کیسے ہوتے ہیں؟

(1) آزاد
(2) تغیرِ مطلع
(3) بغیر قافیہ
(4) ہم قافیہ
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**2.** ایسی غزل جو ابتدا سے انتہا تک کسی خاص کیفیت کی نمائندگی کرتی ہو، کیا کہلاتی ہے؟

(1) معنوی غزل
(2) دوغزلہ
(3) غزلِ مسلسل
(4) قطعہ بند
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**3.** ڈپٹی نذیر احمد کے کس ناول کو اردو کا پہلا ناول مانا جاتا ہے؟

(1) مراۃالعروس
(2) توبتہ النصوح
(3) ابن الوقت
(4) بنات النعش
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**4.** افسانے میں واقعات کی ترتیب و تنظیم کو کیا کہا جاتا ہے؟

(1) ماجرا
(2) پلاٹ
(3) زمان و مکاں
(4) وحدت تاثر
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**5.** ایسی نثری تحریر جس میں کسی شخصیت کی مفرد اور نمایاں خصوصیات کو اس انداز سے بیان کیا جاتا ہے کہ اس کی تصویر آنکھوں کے سامنے آجائے کیا کہلاتی ہے؟

(1) سوانح
(2) انشائیہ
(3) خاکہ
(4) تبصرہ نگاری
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**6.** اصطلاحی معنی میں لفظ خاکہ انگریزی کے کس لفظ کا ترجمہ ہے؟

(1) Sketch
(2) Skech
(3) Sktech
(4) Scheck
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**7.** وؔلی دکنی کس مشہور صوفی کے مرید تھے؟

(1) شاہ ولی اللہ محدث دہلوی
(2) شاہ سعد اللہ گلشن
(3) شاہ کلیم اللہ جہان آبادی
(4) شاہ غلام حسین چشتی
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**8.** میر تقی میرؔ کی تصنیف 'ذکرِ میر' کس نوعیت کی ہے؟

(1) شعرا کا تذکرہ
(2) شعری مجموعہ
(3) فارسی خودنوشت سوانح
(4) اردو خودنوشت سوانح
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**9.** 'ٹک میرؔ جگر سوختہ کی جلد خبر لے
کیا یار بھروسا ہے چراغِ سحری کا'
درج بالا شعر میں 'جگر سوختہ' کا کیا مفہوم ہے؟

(1) غم زدہ
(2) قریب المرگ
(3) وحشت زدہ
(4) کسی چیز کی دُھن
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

10. میر درد کی شاعری میں کون سا رنگ نمایاں ہے؟

(1) ایہام (2) رومانیت

(3) تصوف (4) ترقی پسندی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

11. پرسشِ غم کو وہ آئے تو اک عالم ہوگا
دیدنی کیفیتِ قلب و جگر بھی ہوگی

جذبؔی کے درج بالا شعر میں 'ایک عالم ہوگا' کا کیا مفہوم ہے؟

(1) صبح ہونا

(2) زندگی بسر ہونا

(3) خاص کیفیت کا پیدا ہونا

(4) منزل عشق پر پہنچنا

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

12. انھی گل رنگ دریچوں سے سحر جھانکے گی
کیوں نہ کھلتے ہوئے زخموں کو دعا دی جائے

جاں نثار اختر کے درج بالا شعر میں "گل رنگ" سے کیا مراد ہے؟

(1) پھولوں کا رنگ (2) خیالی رنگ

(3) نہ مٹنے والا رنگ (4) گلابی رنگ کے

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

13. دیتے ہیں سراغ فصلِ گل کا
شاخوں پہ جلے ہوئے بسیرے

درج بالا شعر کا مرکزی موضوع کیا ہے؟

(1) صبح سویرے پھول کھلتے ہیں۔

(2) بہار کا موسم آیا ہوا ہے۔

(3) خزاں کے بعد بہار ضرور آتی ہے۔

(4) پیڑ کی شاخوں پر گھونسلے جلے ہوئے ہیں۔

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

14. جب لگیں زخم تو قاتل کو دعا دی جائے
ہے یہی رسم تو یہ رسم اٹھا دی جائے

درج بالا شعر کس کا ہے؟

(1) جذبؔی (2) جاں نثار اخترؔ

(3) ناصؔر کاظمی (4) علی سردار جعفری

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

15. فرعون نے کیا تھا جو دعویٰ خدائی کا
شدّاد بھی بہشت بنا کر ہوا خدا
نمرود بھی خدا ہی کہا تھا برملا
یہ بات ہے سمجھنے کی آگے کہوں میں کیا

درج بالا شعری حصہ کس شاعر کا ہے؟

(1) اسمٰعیل میرٹھی (2) نظیر اکبر آبادی

(3) اکبر الٰہ آبادی (4) مخدوم محی الدین

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

16. تری کا جب کہ دامن ہو گا چاک
تو خشکی نے اُڑائی جا بہ جا خاک
درج بالا شعر میں 'تری کا دامن چاک ہونا' کا کیا مفہوم ہے؟

(1) دامن پھٹ جانا (2) بارش ہونا
(3) نَمی کا ختم ہو جانا (4) مٹی اُڑنا
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

17. یہ موجودہ طریقے راہیٔ ملکِ عدم ہوں گے
نئی تہذیب ہو گی اور نئے ساماں بہم ہوں گے
مذکورہ بالا شعر اکبر الٰہ آبادی کی کس نظم سے ماخوذ ہے؟

(1) مستقبل (2) برق کلیسا
(3) مدرسہ علی گڑھ (4) جلوۂ دربار دہلی
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

18. مخدومؔ کی نظم "چاند تاروں کا بن" کس ہیئت میں ہے؟

(1) پابند نظم (2) معرا نظم
(3) آزاد نظم (4) نثری نظم
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

19. مخدوم کی ادبی زندگی کا آغاز ان کی کس نظم سے ہوتا ہے؟

(1) ایک چنبیلی کے منڈوے تلے
(2) سپاہی
(3) چاند تاروں کا بن
(4) پیلا دوشالہ
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

20. حرف اور معنی کے رشتہ ہائے آہن سے، آدمی ہے وابستہ
آدمی کے دامن سے زندگی ہے وابستہ
اس سے تم نہیں ڈرتے!
درج بالا شعری جز میں مستعمل ترکیب "رشتہ ہائے آہن" کا کیا مفہوم ہے؟

(1) لوہے کی مضبوطی
(2) مضبوط تعلق
(3) ظاہری تعلق
(4) نمود و نمائش سے پاک تعلق
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

21. میر انیسؔ کے بارے میں ذیل میں سے کون سا قول صحیح ہے؟

(1) میر انیس لکھنؤ میں پیدا ہوئے۔
(2) ان کے دادا کا نام میر غلام حسین ضاحک تھا۔
(3) میر انیسؔ آخری عمر میں فیض آباد چلے گئے۔
(4) میر انیسؔ فنِ سپہ گری اور فن شہ سواری سے بہ خوبی واقف تھے۔
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

22. سینے میں اجل سانس ٹھہرنے نہیں دیتی
ہچکی تمھیں اب بات بھی کرنے نہیں دیتی
مذکورہ بالا شعر کا تعلق کس صنف سے ہے؟

(1) مرثیہ (2) مثنوی
(3) قصیدہ (4) غزل
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

23. اب فکر فنا نے کھول دی ہیں آنکھیں
کُلفت ہر بات میں نظر آتی ہے
درج بالا شعر میں 'کُلفت' کے کیا معنی ہیں؟
(1) خوشی (2) ختم ہونا
(3) رنج (4) غُصّہ
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

24. کس برق کی ہر آن چمک رہتی ہے
کس گل کی دماغ میں مہک رہتی ہے
ٹوٹا ہے ضرور کوئی کانٹا دل میں
جب دیکھیے کچھ نہ کچھ کھٹک رہتی ہے
امجد کی درج بالا رباعی کا موضوع کیا ہے؟
(1) بارش میں بجلی کی چمک رہتی ہے۔
(2) انسان پر دل کی چبھن کا اثر دیر تک رہتا ہے۔
(3) دماغ میں پھولوں کی مہک دیر تک رہتی ہے۔
(4) تلخ بات دل میں چبھتی رہتی ہے۔
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

25. ذیل میں دو بیانات دیے جا رہے ہیں، ان میں ایک دعویٰ ہے اور دوسرا دلیل۔
دعویٰ: اختر شیرانی اپنی عشقیہ نظموں کے باعث زیادہ مشہور ہوئے۔
دلیل: وہ حسن و عشق کے لطیف جذبات مترنم اور واردات قلبی کو پُر اثر انداز میں بیان کرتے ہیں۔
صحیح جواب کی نشاندہی کیجیے:
(1) دعویٰ اور دلیل دونوں صحیح ہیں۔
(2) دعویٰ اور دلیل دونوں غلط ہیں۔
(3) دعویٰ صحیح ہے، لیکن دلیل غلط ہے۔
(4) دعویٰ غلط ہے، دلیل صحیح ہے۔
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

26. اب سکھ کی تان سنائی دی
اک دنیا نئی دکھائی دی
اب سکھ نے بدلا بھیس نیا
اب دیکھیں گے ہم دیس نیا
مذکورہ بالا شعری حصہ کس شاعر کا ہے؟
(1) سلام مچھلی شہری (2) احسان دانش
(3) اختر شیرانی (4) میراجی
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

27. ڈراما 'دروازے کھول دو' میں مذکورہ بلڈنگ 'مکمل کنج' میں کل کتنے فلیٹ تھے؟
(1) 27 (2) 28
(3) 29 (4) 30
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

28. پریم چند کے ناول 'بیوہ' میں کردار 'دان ناتھ' کیا تھے؟
(1) ایک سیاست داں
(2) گاؤں کا ساہو کار
(3) ایک گاؤں میں کسان
(4) ایک کالج میں پروفیسر
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

29. "صاف رٹی ہوئی تقریر ہے۔ یہاں بیٹھنا فضول ہے، ٹینس کا وقت نکلا جا رہا ہے۔" ناول 'بیوہ' میں درج بالا جملے کس نے کہے؟
(1) امرناتھ (2) دان ناتھ
(3) امرت رائے (4) بدری پرشاد
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**.30** افسانہ 'نمک کا داروغہ' میں پنڈت الوپی دین چوری سے نمک کی گاڑیاں کہاں بھجوا رہے تھے؟

(1) دلّی (2) کان پور
(3) لکھنؤ (4) بنارس
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**.31** افسانہ 'لاجونتی' میں لاجونتی اغوا ہونے کے بعد کس کے پاس رہی؟

(1) نیکی رام (2) رسالو
(3) جماں (4) کالکا پرشاد
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**.32** افسانہ 'نیا قانون' کے کردار 'منگو کوچوان' کی بیوی کا نام کیا ہے؟

(1) سیتا دیوی (2) گنگا دیوی
(3) گیتا دیوی (4) شالنی دیوی
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**.33** اور کوئی طلب ابنائے زمانہ سے نہیں
مجھ پہ احساں جو نہ کرتے تو یہ احساں ہوتا
درج بالا شعر سے کون اپنے انشائیے کی شروعات کرتا ہے؟

(1) سجاد حیدر یلدرم
(2) فرحت اللہ بیگ
(3) سر سید احمد خاں
(4) رشید احمد صدیقی
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**.34** ذیل میں سے کس انشائیے میں مصنف کے دوست احمد مرزا اور محمد تحسین ہیں؟

(1) سائیکل کی سواری
(2) گزرا ہوا زمانہ
(3) یارباش
(4) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**.35** انشائیہ 'یارباش' میں مسٹر احسن کی ملکیت میں کون سی موٹر تھی؟

(1) وِلکن (2) دی ۸ موٹر
(3) شیورلیٹ (4) پیکارڈ
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**.36** "ہر بات کا اتنی جلد اثر لیتا ہے کہ بیان نہیں ہو سکتا۔ کسی نے کوئی جھوٹی سچی خبر سنا دی اور اُس نے یقین کر لیا۔ اگر وہ خبر طبیعت کے موافق ہوئی، تو خوش ہو گئے، اگر موافق نہ ہوئی، تو پژمردہ ہو گئے، دل بیٹھ گیا۔"

درج بالا بات انشائیہ "یارباش" میں مسٹر احسن کے کس دوست کے لیے کہی گئی ہے؟

(1) حامد (2) عابد
(3) زاہد (4) صادق
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

37. ''اب پھر اس نے اپنا پچھلا زمانہ یاد کیا اور دیکھا کہ اس نے اپنی...... برس کی عمر میں کوئی کام بھی انسان کی بھلائی اور کم سے کم اپنی قومی بھلائی کا نہیں کیا تھا۔''

درج بالا جملے میں خالی جگہ صحیح متبادل سے پُر کیجیے۔

(1) چالیس (40) (2) پچاس (50)

(3) پچپن (55) (4) ساٹھ (60)

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

38. ''مادی چیزیں چند روز میں فنا ہو جاتی ہیں، مگر انسان کی بھلائی اخیر تک جاری رہتی ہے۔ میں تمام انسانوں کی روح ہوں، جو مجھ کو تسخیر کرنا چاہے انسان کی بھلائی میں کوشش کرے۔''

مذکورہ بالا نثری اقتباس کس انشائیہ سے ماخوذ ہے؟

(1) گزرا ہوا زمانہ

(2) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ

(3) یار باش

(4) مرحوم کی یاد میں

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

39. جب کسی لفظ کو اس کے اصل معنی کے بجائے مجازی یا دوسرے معنی میں استعمال کیا جائے تو اسے کیا کہتے ہیں؟

(1) مجاز مرسل (2) تجاہلِ عارفانہ

(3) تجنیس (4) تلمیح

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

40. رخ و جبیں و مژہ نیز چشم و ابرو کو

سنان و بدر و مہ و نرگس و ہلال لکھا

درج بالا شعر میں کون سی صنعت ہے؟

(1) لف و نشر مرتب

(2) لف و نشر غیر مرتب

(3) تجاہلِ عارفانہ

(4) کنایہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

41. کیا فرض ہے کہ سب کو ملے ایک سا جواب

آؤ نہ ہم بھی سیر کریں کوہِ طور کی

مذکورہ بالا شعر میں کون سی صنعت پائی جاتی ہے؟

(1) مراعاۃ النظیر (2) تجنیس

(3) تلمیح (4) مبالغہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

42. نہ تو زمیں کے لیے ہے نہ آسماں کے لیے

جہاں ہے تیرے لیے تو نہیں جہاں کے لیے

مذکورہ بالا شعر میں کون سی صنعت کا استعمال ہوا ہے؟

(1) مجاز مرسل (2) تنسیق الصفات

(3) تجنیس (4) تضاد

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

43. آیا جو مے کدہ میں تو بے دام پی گیا
زاہد بھی سر جھکائے کئی جام پی گیا
درج بالا شعر میں 'جام' ظرف ہے جس سے مظروف مراد لیا گیا ہے، ذیل میں سے مظروف کی نشان دہی کیجیے:
(1) ساقی (2) صراحی
(3) پیالہ (4) شراب
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

44. ذیل میں سے صنعت 'ایہام' کے بارے میں صحیح بیان کی نشاندہی کیجیے:
(1) اس صنعت میں وہم وتذبذب کی گنجائش کم ہوتی ہے۔
(2) یہ صنعت قاری یا سامع کو ایک دلچسپ وہم یا شک میں مبتلا کر دیتی ہے۔
(3) اس صنعت سے کلام میں ایسے دو معنی پیدا ہوتے ہیں جو ایک دوسرے کی ضد ہوتے ہیں۔
(4) اس صنعت کے ذریعے ایسی بات کا دعویٰ کیا جاتا ہے جو خلاف قیاس ہوتی ہے۔
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

45. سب کہاں کچھ لالہ وگل میں نمایاں ہو گئیں
خاک میں کیا صورتیں ہوں گی کہ پنہاں ہو گئیں
درج بالا شعر میں کون سی صنعت ہے؟
(1) مراعاۃ النظیر (2) لف ونشر
(3) ایہام (4) حسن تعلیل
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

46. ہے ہے مرے سعید ورشید ومتین جواں
خوشرو جواں غریب جواں مہ جبیں جواں
درج بالا شعر میں کون سی صنعت پائی جاتی ہے؟
(1) لف ونشر مرتب (2) لف ونشر غیر مرتب
(3) تنسیق الصفات (4) تشبیہ
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

47. کلام میں ایک ہی اصل کے چند لفظ ایسے لانا کہ اُن کے حروف میں ترتیب اور معنی میں موافقت پائی جائے، کون سی صنعت کہلاتی ہے؟
(1) اشتقاق (2) شبہ اشتقاق
(3) افراد (4) تجنیس
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

48. پتّا پتّا بوٹا بوٹا حال ہمارا جانے ہے
جانے نہ جانے گل ہی نہ جانے باغ تو سارا جانے ہے
مذکورہ بالا شعر میں کون سی صنعت ہے؟
(1) مراعاۃ النظیر (2) تجاہل عارفانہ
(3) مجاز مرسل (4) تلمیح
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

49. طویل اور قدیم مثنویوں کے اجزا کے ضمن میں صحیح زمرے کی نشان دہی کیجیے:
(1) حمد ومناجات، چہرہ، سراپا، قصہ یا واقعہ
(2) حمد ومناجات، نعت، منقبت، حاکم وقت کی مدح
(3) نعت، اپنی شاعری کی تعریف، رخصت، آمد
(4) قصہ یا واقعہ، گریز، مدح، منقبت
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

50. ذیل میں سے رباعی کے ضمن میں صحیح بیان کی نشان دہی کیجیے:

(1) رباعی کا پہلا، دوسرا اور چوتھا مصرع ہم قافیہ ہوتا ہے۔

(2) رباعی کے لیے بحرِ ہزج کے 20 اوزان مخصوص ہیں۔

(3) رباعی کا دوسرا مصرع سب سے زیادہ اہم ہوتا ہے۔

(4) رباعی فارسی لفظ ہے جس کے معنی ہیں چار۔

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

51. قطعہ میں ہر شعر کے دوسرے مصرعے میں کس بات کا خیال رکھا جاتا ہے؟

(1) ردیف اور قافیہ دونوں نہیں ہوتا

(2) ردیف اور قافیے کا

(3) ردیف کا

(4) قافیے کا

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

52. پروفیسر حنیف کیفی کے مطابق وہ کون سا شاعر ہے جس نے اردو میں نظمِ معرا کو رواج دینے اور اسے اردو شاعری کی ایک اہم روایت بنانے کے لیے باقاعدہ کوشش کی؟

(1) الطاف حسین حالؔی

(2) محمد حسین آزاؔد

(3) عبدالحلیم شرؔر

(4) مولوی اسماعیل میرٹھی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

53. اردو کی پہلی داستان "سب رس" کس فارسی قصے سے اخذ واستفادہ کے بعد لکھی گئی؟

(1) رضوان شاہ روح افزا

(2) مرغوب القلوب

(3) چہار درویش

(4) حسن ودل

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

54. داستان کا اہم عنصر کیا ہے؟

(1) مافوق الفطری عناصر (2) حقیقت نگاری

(3) تاریخی واقعات (4) اختصار

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

55. وہ صنف جس میں کسی تقریب، ادبی کانفرنس، مذاکرے یا جلسے کی کارروائی کی روداد کو دلچسپ انداز میں بیان کیا جاتا ہے، کیا کہلاتی ہے؟

(1) خودنوشت (2) اداریہ نگاری

(3) رپورتاژ (4) سفرنامہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

56. وہ نثری صنف جس میں عام مضمون کی طرح مربوط اظہار خیال نہیں ہوتا بلکہ غزل کے شعروں جیسی بے ربطی اس کی شناخت ہے، کیا کہلاتی ہے؟

(1) افسانہ (2) ناولٹ

(3) ڈرامہ (4) انشائیہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**57.** نظم 'نیاشوالہ' میں کتنے بند ہیں؟

(1) دو (2) تین

(3) چار (4) پانچ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**58.** کہتے ہیں تیرے عارض و قامت کو دیکھ کر

____________________

ذیل میں سے دوسرے صحیح مصرعے کی نشان دہی کر کے شعر مکمل کیجیے۔

(1) ہے مشک کی زمین تو دریا گلاب کا

(2) بالائے سرو پھول کھلا ہے گلاب کا

(3) نرگس کے پھول اور پیالہ شراب کا

(4) انسان پر ہے زور فقط آفتاب کا

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**59.** وصالِ یار کا وعدہ ہے فردائے قیامت پر

یقیں مجھ کو نہیں ہے گور تک اپنی رسائی کا

درج بالا شعر کا خالق کون ہے؟

(1) میرؔ (2) سوداؔ

(3) ناسخؔ (4) آتشؔ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**60.** کیوں جل گیا نہ تابِ رخِ یار دیکھ کر

جلتا ہوں اپنی طاقتِ دیدار دیکھ کر

درج بالا شعر کا بنیادی تصور کیا ہے؟

(1) ماتم طاقتِ دیدار (2) ستم کوشی محبوب

(3) بدگمانی محبوب (4) انجام عاشق ناکام

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**61.** ذیل میں کون سا شعر مومن خاں مومن کا ہے؟

(1) صرفہ ہے ضبط آہ میں میرا و گرنہ میں
طعمہ ہوں ایک ہی نفَس جانگداز کا

(2) فراق یار میں مر مر کے آخر زندگانی کی
رہا صدمہ ہمیشہ روح و قالب کی جدائی کا

(3) ذکر اعتبار سے ہوا معلوم
حرف ناصح بُرا نہیں ہوتا

(4) اذیت مصیبت ملامت بلائیں
ترے عشق میں ہم نے کیا کیا نہ دیکھا

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**62.** دیکھ کر نظم دو عالم مجھے کہنا ہی پڑا

یہ سلیقہ ہے کسے انجمن آرائی کا

درج بالا شعر کس کا ہے؟

(1) غالب (2) ناسخ

(3) آتش (4) عزیز لکھنوی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**63.** دیکھ کر ہر در و دیوار کو حیراں ہونا

وہ مرا پہلے پہل داخلِ..... ہونا

(1) زنداں (2) بیاباں

(3) نمایاں (4) پریشاں

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**64.** نظم ''آوازۂ قوم'' کس ہیئت میں لکھی گئی ہے؟

(1) مربّع (2) مخمس

(3) مسدّس (4) مسبّع

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

65. ذیل میں کون سی پنڈت برج نرائن چکبست کی ہے؟

(1) آوازۂ عشق (2) آوازۂ قوم

(3) آوازۂ حق (4) صلصلتہ الجرس

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

66. اقبال کی نظم 'نیا شوالہ' ان کے کس مجموعے میں شامل ہے؟

(1) بانگ درا (2) بال جبرئیل

(3) ضرب کلیم (4) ارمغان حجاز

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

67. جوشؔ نے پہلے کون سا تخلص اختیار کیا تھا؟

(1) بشیرؔ (2) شبّیرؔ

(3) گویاؔ (4) عزیزؔ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

68. جوش ملیح آبادی کی نظموں کے درست زمرے کی نشان دہی کیجیے:

(1) کسان، البیلی صبح، شکستِ زنداں کا خواب

(2) کسان، حقیقت حسن، گلزارِ وطن

(3) شکست زنداں کا خواب، مستقبل، نیا شوالہ

(4) البیلی صبح، آوازۂ قوم، ساقی نامہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

69. تعلیم حاصل کرنے کے دوران ہی ذوقؔ اپنے کلام پر کس سے اصلاح لینے لگے تھے؟

(1) غالب (2) شیفتہ

(3) شاہ نصیر (4) عبدالرزاق

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

70. 'واہ واہ کیا معتدل ہے باغ عالم کی ہوا'

اس مصرعہ سے شروع ہونے والا قصیدہ، ذوق نے کس کی مدح میں لکھا تھا؟

(1) لارڈ اِرون (2) بہادر شاہ ظفر

(3) لارڈ ماؤنٹ بیٹن (4) لارڈ کلائیو

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

71. آگیا اصلاح پر ایسا زمانے کا مزاج

تا زبان خامہ بھی آتا نہیں حرف دوا

نسخہ پر لکھ نہیں پاتا ہوالشافی طبیب

کہتا ہے بیمار بس کہ مجھ کو بالکل ہے شفا

مذکورہ بالا شعری حصہ کس صنف سے تعلق رکھتا ہے؟

(1) مرثیہ (2) قصیدہ

(3) مثنوی (4) رباعی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

72. قطرہ افشانی سے آبِ غسل صحت کے ترے

ہوں دُرِ خوش آب پیدا اس قدر قوت فزا

ہوویں استعمال یاقوتی ہیں وہ موتی اگر

بخشے پیرانِ کہن کو نوجوانوں کے قوا

درج بالا اشعار قصیدے کے کس جُزو سے ماخوذ ہیں؟

(1) تشبیب (2) گریز

(3) مدح (4) دعا

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**73.** مرثیہ ع "نمکِ خوانِ تکلم ہے فصاحت میری" انیسؔ نے کس کو لکھ کر دیا تھا؟

(1) میر مونسؔ کو

(2) میر انسؔ کو

(3) میر مستحسن خلیق کو

(4) میر عسکری رئیسؔ کو

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**74.** ؎ صاف حیرت زدہ مانی ہو تو بہزاد ہو دنگ

خوں برستا نظر آئے جو دکھاؤں صفِ جنگ

درج بالا مرثیۂ انیس کے شعر میں مذکور مانی اور بہزاد کون تھے؟

(1) دو مشہور نقّاش اور مصوّر

(2) دو مشہور پہلوان

(3) دو مشہور ایرانی شاعر

(4) دو مشہور ایرانی فلسفی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**75.** ایک قطرے کو جو دوں بسط تو قلزم کر دوں

بحرِ مواج فصاحت کا تلاطم کر دوں

مذکورہ بالا شعر میں بسط کے کیا معنی ہیں؟

(1) پھیلاؤ (2) سمیٹنا

(3) زور سے مارنا (4) چھوٹا کرنا

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**76.** ذیل میں سے زمانی ترتیب کے لحاظ سے درست زمرے کی نشاندہی کیجیے:

(1) میر ضاحک، میر حسن، میر خلیق، میر انیسؔ

(2) میر حسن، میر ضاحک، میر خلیق، میر انیسؔ

(3) میر خلیق، میر ضاحک، میر حسن، میر انیسؔ

(4) میر انیسؔ، میر ضاحک، میر حسن، میر خلیق

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**77.** داستان 'باغ و بہار' میں آزاد بخت کس ملک کا بادشاہ تھا؟

(1) ترکی (2) روم

(3) ہندوستان (4) یونان

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**78.** احوال اِس فقیر کا اے دوستاں سُنو!

یعنی جو مجھ پہ بیتی ہے وہ داستاں سُنو!

جو کچھ کہ شاہِ عشق نے مجھ سے کیا سلوک

تفصیل وار کرتا ہوں اُس کا بیاں، سُنو!

درج بالا اشعار سے کون سے درویش نے اپنی سیر کا بیان شروع کیا؟

(1) پہلے درویش نے

(2) دوسرے درویش نے

(3) تیسرے درویش نے

(4) چوتھے درویش نے

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**79.** ڈراما "انارکلی" کے پہلے ایکٹ میں کتنے مناظر ہیں؟

(1) چار (2) دو

(3) پانچ (4) سات

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**80.** "مجھے معلوم ہو گیا میری تقدیر میں محرومی کے سوا کچھ نہیں۔ تم اگر صاحب عالم کو نہ بھی چاہو، جب بھی کوئی امید نہیں۔ وہ تمھیں دیوانہ وار چاہتے ہیں۔"

درج بالا بات کس نے کس سے کہی؟

(1) دلارام نے انارکلی سے

(2) ثریا نے انارکلی سے

(3) زعفران نے انارکلی سے

(4) ستارہ نے انارکلی سے

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**81.** امراؤ جان کو کانپور سے واپس لکھنؤ لے جانے کے لیے کون کون آئے تھے؟

(1) سرفراز اور بڑی بی

(2) مرزا ہادی اور خورشید

(3) فیض علی اور خانم

(4) بوا حسینی اور گوہر مرزا

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**82.** ناول امراؤ جان ادا میں "بنگلہ" کس مقام کو کہا گیا ہے؟

(1) فیض آباد (2) لکھنؤ

(3) کانپور (4) بنارس

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**83.** افسانہ "مالکن" میں مرکزی کردار کا نام کیا ہے؟

(1) رام پیاری (2) سیتا دیوی

(3) راج دلاری (4) مالتی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**84.** پریم چند کی کہانی "سُورنگ" کا موضوع کیا ہے؟

(1) بے میل شادی

(2) سماجی مساوات

(3) انسانی فطرت کے تضادات اور منافقت

(4) غربت اور محرومی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**85.** "ان داتا" کے دوسرے باب کا عنوان کیا ہے؟

(1) وہ آدمی جس کے ضمیر میں کانٹا ہے

(2) وہ آدمی جو مر چکا ہے

(3) وہ آدمی جو ابھی زندہ ہے

(4) وہ آدمی جو ابھی سو رہا ہے

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**86.** کہانی "شمع کے سامنے" کے راوی شاہ زماں کا تعلق کس گاؤں سے ہے؟

(1) چمن کوٹ (2) رنگ پور

(3) کاشی پور (4) امر کوٹ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**87.** وہ صنم جب سوں بسا دیدۂ حیران میں آ

آتش عشق پڑی عقل کے _____ میں آ

ذیل میں سے درست لفظ کا انتخاب کر کے شعر مکمل کیجیے۔

(1) گلستان (2) سامان

(3) دامان (4) دیوان

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**88.** ع حُسن تھا پردۂ تجرید میں سب سوں آزاد

_____________

ذیل میں سے مصرعے ثانی کی نشان دہی کر کے شعر مکمل کیجیے۔

(1) جب بسی زلفِ صنم طبع پریشان میں آ

(2) دفتر درد بسا عشق کے دیوان میں آ

(3) طالبِ عشق ہوا صورتِ انسان میں آ

(4) درد کہتی ہے مرا، زلف ترے کان میں آ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**89.** یوں نل تجھ مکھ کے کعبہ میں مجھے اسود حجر دِستا

زنخداں میں ترے مجھ چاہِ زمزم کا اثر دِستا

درج بالا شعر میں کون سی دلالت ہے؟

(1) تشبیہ (2) استعارہ

(3) مجاز مرسل (4) کنایہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**90.** داغ دہلوی کا اصل نام کیا تھا؟

(1) نواب امین الدین خاں

(2) نواب احمد بخش خاں

(3) نواب مرزا خاں

(4) نواب شمس الدین احمد خاں

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**91.** شبِ وصل بھی لب پہ آئے گئے ہیں

_____________

ذیل میں دیے گئے مصرعوں میں سے صحیح مصرعے کا انتخاب کر کے شعر مکمل کیجیے۔

(1) بشر کو وہ جلوے دکھائے گئے ہیں

(2) یہ نالے بہت منہ لگائے گئے ہیں

(3) بہت اس میں ارمان آئے گئے ہیں

(4) عدم کو سب اپنے پرائے گئے ہیں

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**92.** تو جو اللہ کا محبوب ہوا خوب ہوا

یا نبی خوب ہوا _____ خوب ہوا

درج ذیل میں سے درست الفاظ کا انتخاب کر کے شعر مکمل کیجیے۔

(1) مطلوب ہوا (2) اسلوب ہوا

(3) یعقوب ہوا (4) خوب ہوا

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**.93** کیا جانے موت پہلے کیا تھی

اب میری حیات ہو گئی ہے

درج بالا شعر کس کا ہے؟

(1) قمر رئیس

(2) علی سردار جعفری

(3) وامق جونپوری

(4) فراق گورکھپوری

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**.94** ذیل میں سے کس شاعر کو گیان پیٹھ انعام ملا ہے؟

(1) ساحر لدھیانوی

(2) اختر الایمان

(3) فراق گورکھپوری

(4) جوش ملیح آبادی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**.95** دیداندر دید، حیرانم حجاب اندر حجاب

وائے باوصف ایں رازونیاز ایں اجتناب

درج بالا شعر کس شاعر کا ہے؟

(1) ولیؔ (2) غالبؔ

(3) داغؔ (4) فراقؔ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**.96** نظم 'طلوعِ اسلام' اقبالؔ کے کس شعری مجموعے میں شامل ہے؟

(1) بانگِ درا (2) بالِ جبریل

(3) ضربِ کلیم (4) ارمغانِ حجاز

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**.97** اختر شیرانی اپنی نظم "اے عشق کہیں لے چل" میں کس محبوب کے پہلو میں لے چلنے کی بات کرتے ہیں؟

(1) نور جہاں (2) مرجانہ

(3) سلمیٰ (4) ریحانہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**.98** غلامی میں نہ کام آتی ہیں شمشیریں، نہ تدبیریں

جو ہو ذوقِ یقیں پیدا تو کٹ جاتی ہیں زنجیریں

کوئی اندازہ کر سکتا ہے اس کے زورِ بازو کا؟

نگاہِ مردِ مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیریں!

درج بالا شعری حصہ نظم طلوعِ اسلام کے کس بند میں شامل ہے؟

(1) پانچویں بند میں

(2) چوتھے بند میں

(3) تیسرے بند میں

(4) دوسرے بند میں

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**99.** کیااب بھی وہاں کے باغوں میں

مستانہ ہوائیں آتی ہیں؟

کیااب بھی وہاں کے پربت پر

گھنگھور گھٹائیں چھاتی ہیں؟

کیااب بھی وہاں کی برکھائیں

ویسے ہی دلوں کو بھاتی ہیں؟

مذکورہ بالااشعار ذیل کی کس نظم سے ماخوذ ہے؟

(1) اے عشق کہیں لے چل

(2) تنہائی کی وادی میں

(3) اودیس سے آنے والے بتا

(4) گجرات کی رات

(5) سوال حل نہیں کیاگیا

**100.** عتابی شان سے جھپٹے تھے جو، بے بال وپر نکلے

ستارے شام کے خونِ شفق میں ڈوب کر نکلے

درج بالا شعر میں فنی لحاظ سے کون سی خوبی نمایاں ہے؟

(1) پیکر تراشی

(2) علامت نگاری

(3) استعارہ

(4) تجنیس

(5) سوال حل نہیں کیاگیا

**101.** اختر شیرانی کے بارے میں صحیح بیان کی نشان دہی کیجیے۔

(1) اختر شیرانی لاہور میں پیدا ہوئے۔

(2) اختر شیرانی نے علی گڑھ مسلم یونیورسٹی سے تعلیم حاصل کی۔

(3) ضحاک ان کا شعری مجموعہ ہے۔

(4) انہوں نے نظم کی روایتی ہیئتوں کے ساتھ ساتھ نئی ہیئتوں میں بھی نظمیں لکھی ہیں۔

(5) سوال حل نہیں کیاگیا

**102.** ابن نشاطی نے کس فارسی قصے کو سامنے رکھ کر مثنوی ''پھول بن'' لکھی؟

(1) انوار سہیلی

(2) دستور عشاق

(3) قصہ چہار درویش

(4) بساتین الانس

(5) سوال حل نہیں کیاگیا

**103.** خواجہ بندہ نواز گیسو دراز کا تخلّص کیا تھا؟

(1) رازؔ (2) شہبازؔ

(3) خیالؔ (4) قطبؔ

(5) سوال حل نہیں کیاگیا

104. 'پرت نامہ' کس کی تصنیف ہے؟

(1) نظامی (2) غواصی

(3) فیروز (4) اشرف بیابانی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

105. ذیل میں سے کون بادشاہ محمد شاہ کا مصاحب تھا؟

(1) عبدالحئی تاباں (2) اشرف علی فغاں

(3) میر سوز (4) خاں آرزو

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

106. ذیل میں سے کس کی تصنیف تذکرہ "نکات سخن" ہے؟

(1) مرزا علی لطف

(2) مصطفی خاں شیفتہ

(3) قائم چاندپوری

(4) میر تقی میر

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

107. مہر چند کھتری کی داستان 'قصہ ملک محمد و گیتی افروز' کو اور کس نام سے جانا جاتا ہے؟

(1) آئین کھتری

(2) نو آئین ہندی

(3) آئین مہر چندر

(4) آئین عادل شاہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

108. "سرسید احمد خاں 1846ء میں دہلی تبدیل ہو کر آ گئے۔ مغل دارالحکومت میں ان کا آٹھ سال کا قیام ان کی ادبی زندگی کا اہم حصہ ہے۔"

اس قیام دہلی کے درمیان انہوں نے کون سی مقبول کتاب لکھی؟

(1) اسباب بغاوت ہند

(2) خطبات احمدیہ

(3) تفسیر القرآن

(4) آثار الصنادید

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

109. مولوی ذکاء اللہ کی تصنیف 'تاریخ ہند' کتنی جلدوں پر مشتمل ہے؟

(1) ۱۰ جلد (2) ۸ جلد

(3) ۷ جلد (4) ۵ جلد

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

110. سرسید احمد خاں نے کس مقصد کے تحت 'سائنٹفک سوسائٹی' قائم کی تھی؟

(1) مفید کتابوں کا اردو میں ترجمہ کرنے کے لیے

(2) کسانوں کو کھیتی کرنے میں مدد کرنے کے لیے

(3) دینی تعلیم میں تعاون کرنے کے لیے

(4) اردو رسالہ جاری کرنے کے لیے

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**111.** لندن میں ہندوستانی ترقی پسند ادیبوں نے اپنی تحریک کا جو پہلا مینی فسٹو تیار کیا تھا اس پر دستخط کرنے والوں میں ذیل میں سے کون شامل تھے؟

(1) ڈاکٹر محمد دین تاثیر اور کیفی اعظمی
(2) ملک راج آنند اور جیوتی گھوش
(3) ملک راج آنند اور سردار جعفری
(4) سجاد ظہیر اور ذاکر حسین
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**112.** ''انگارے'' کے مصنفین میں کون کون ادیب شامل تھے؟

(1) رشید جہاں، احمد علی، محمود الظفر، فیض احمد فیض
(2) احمد علی، عزیز احمد، رشید جہاں، دین محمد تاثیر
(3) احمد علی، سجاد ظہیر، رشید جہاں اور محمود الظفر
(4) احمد علی، سجاد ظہیر، رشید جہاں اور عزیز احمد
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**113.** ترقی پسندوں نے اپنا رسالہ ''نیا ادب'' کہاں سے جاری کیا؟

(1) لکھنؤ (2) کلکتہ
(3) دہلی (4) بھمیڑی
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**114.** افسانوی مجموعہ ''پرندہ پکڑنے والی گاڑی'' کے مصنف کون ہیں؟

(1) غیاث احمد گدی (2) الیاس احمد گدی
(3) سیریندر پرکاش (4) قمر احسن
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**115.** ذیل میں سے 'شہریار' کا کون سے شعری مجموعہ ہے؟

(1) لکیریں
(2) اسم اعظم
(3) سراب در سراب
(4) نئی آنکھیں پرانے خواب
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**116.** میری گھبراہٹ پہ وہ ہنسنے لگا
اور پھر ہنستے ہوئے کہنے لگا:
مجھ سے کیا ڈرنا؟ ترا سایہ ہوں میں
اِس ٹھٹھرتی رات کی تنہائی میں
جانے کتنی دور سے چلتا ہوا
تجھ سے ملنے کے لیے آیا ہوں میں

درج بالا جز مخمور سعیدی کی کس نظم سے لیا گیا ہے؟

(1) اندھا سفر
(2) تنہارات کا آسیب
(3) ایک فریب خوردہ کردار کا دکھ
(4) سبب میری اداسی کا
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

117. طالب علم کی بات سنتے وقت، استاد طالب علم سے نظری رابطہ (eye contact) برقرار رکھے تو اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ استاد:

(1) طالب علم پر توجہ دے رہا ہے۔

(2) طالب علم سے اپنی خوشی کا اظہار کر رہا ہے۔

(3) طالب علم کو مصروف رکھنا چاہ رہا ہے۔

(4) اپنے آپ کو عظیم ثابت کر رہا ہے۔

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

118. ذیل میں سے کون سا تدریسی ماڈل ہے جس کے ذریعہ طلبہ کو سائنسی کھوج میں فعال شراکت کے لیے تیار کیا جاتا ہے؟

(1) جدید منظمہ ماڈل
(Advance Organizer Model)

(2) تحقیقی تربیت ماڈل
(Inquiry Training Model)

(3) تعاونی طرز رسائی
(Co-operative)

(4) تحصیل تصورات ماڈل
(Concept Attainment Model)

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

119. TLM کے استعمال کے مقاصد میں شامل ہے:

(1) طلبہ کے کام کو آسان بنانا

(2) طلبہ کو ترغیب دلانا (Motivation)

(3) طلبہ کو امتحانات کے لیے تیار کرنا

(4) استاد اور طلبہ کے کام کو وقت پر مکمل کرانا

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

120. استاد کی جانب سے اپنی Body Language کا صحیح استعمال اس کی کس ترسیلی مہارت کو موثر بناتا ہے؟

(1) زبانی ترسیل
(Verbal Communication)

(2) غیر زبانی ترسیل
(Non-Verbal Communication)

(3) تحریری ترسیل
(Written Communication)

(4) بصری ترسیل
(Visual Communication)

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

121. ذیل میں سے وہ کون سا تعاونی اکتسابی طریقہ (Co-operative Learning Method) ہے جس میں طلبہ دو دائرے کی شکل میں گھومتے ہیں، جہاں دائرہ رکتا ہے تو مدرس کوئی سوال کرتا ہے اس سوال کے جواب کے لیے دونوں دائرے کے طلبہ ایک جوڑا بنا کر آپس میں تبادلۂ خیال کرتے ہیں اور پھر دونوں مل کر مدرس کو جواب دیتے ہیں؟

(1) گروہی کھیل مقابلہ
(Team Game Tournament)

(2) سوچ-جوڑا بناؤ-اشتراک
(Think – Pair – Share)

(3) پہلی اکتسابی تکنیک
(Jigsaw Learning Technique)

(4) باہری اور اندرونی دائرہ تکنیک
(Inside-outside Circle)

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**122.** ذیل میں سے کون مجازی کمرۂ جماعت (Virutal Classroom) کا جزو نہیں ہے؟

(1) تختۂ سیاہ (Black Board)

(2) طلبہ

(3) معلم

(4) ویب کمرہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**123.** ذیل میں سے کون سا بیان درست نہیں ہے؟

(1) سرچ انجن کے ذریعہ ملم یا طالب علم مطالعہ اور درست وتدریس سے متعلق مواد کو بآسانی حاصل کر سکتے ہیں۔

(2) سرچ انجن انٹرنیٹ پر موجود صرف علمی و تعلیمی معلومات کو کھوج نکالتا ہے۔

(3) سرچ انجن کے ذریعہ مواد مضمون کو مختلف شکلوں میں مثلاً متن، تصاویر، آواز، گرافکس میں حاصل کیا جاسکتا ہے۔

(4) سرچ انجن ایک تکنیک ہے جس سے انٹرنیٹ پر معلومات کو کھوجا جاسکتا ہے چاہے وہ کسی بھی زبان میں ہو۔

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**124.** ذیل میں دیے گئے بیانات میں سے کون سا بیان درست ہے؟

(1) آئی۔پی۔ ایڈریس (IP Address) کے پورے معنی انفارمیشن پبلک ایڈریس ہے۔

(2) آئی۔پی۔ پتا ایک غیر عددی نظام ہے۔

(3) آئی۔پی۔ پتا صرف نیٹ ورک کی پہچان کرتا ہے اور لوکیشن کا پتہ نہیں لگاتا۔

(4) آئی۔پی۔ پتا نیٹ ورک کی پہچان کرتا ہے اور لوکیشن کا پتا لگاتا ہے۔

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**125.** ذیل میں کون سی خصوصیت کمپیوٹر اسیسٹیڈ احتساب (Computer Assested Assessment) سے متعلق ہے؟

(1) کثیر اختیاری سوالات جانچ OMR کے ذریعے پیچیدہ عمل بن جاتی ہے۔

(2) ہر صاف شفاف احتساب میں رخنہ پیدا کرتی ہے۔

(3) آموزش کے تمام پہلو کا احتساب اس کے ذریعے بے حد آسان اور ممکن ہے۔

(4) امتحان دہندہ کو ان کی کارکردگی کی بنیاد پر رینکنگ مشکل ہو جاتا ہے۔

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**126.** ایک استاد کو اپنی ترسیلی مہارتوں (Communication Skills) پروان چڑھانے کی کوشش کرنی چاہیے، کیونکہ:

(1) وہ طلبہ کے لیے رول ماڈل ہوتا ہے۔

(2) طلبہ ترسیلی مہارتوں کے بغیر امتحان میں کامیاب نہیں ہو سکتے۔

(3) وہ اپنی ترسیلی مہارتوں کے ذریعے موثر تدریس کر سکتا ہے۔

(4) اسے ترسیلی مہارتوں کے بغیر ترقی (Promotion) نہیں مل سکتی۔

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**127.** ڈراما "یہودی کی لڑکی" میں درج ذیل شعر کس کردار کے ذریعہ ادا کیا گیا ہے؟

جو نظر اب ہے وہ پہلے تری بے دید نہ تھی
اس طرح آنکھ بدل لے گا یہ امید نہ تھی

(1) آکٹیویا (2) مارکس
(3) بروٹس (4) عزرا
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**128.** ڈراما "یہودی کی لڑکی" کے کردار 'مارکس' کے والد کون ہیں؟

(1) بروٹس (2) عزرا
(3) بادشاہ (4) کیتھیش
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**129.** افسانہ 'فوٹو گرافر' میں مذکورہ کردار 'لڑکی' کا تعلق کس پیشے سے تھا؟

(1) رقّاصہ (2) فوٹو گرافر
(3) مدرّس (4) فلمی اداکارہ
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**130.** افسانہ "فوٹو گرافر" میں 'لسّان' کے کیا معنی ہیں؟

(1) زبان (2) زوردار لڑائی
(3) بھاری بھرکم (4) باتونی
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**131.** بلونت سنگھ کا پہلا افسانہ 'سزا' کب اور کسے رسالے میں شائع ہوا؟

(1) آج کل – 1936ء
(2) ساقی – 1937ء
(3) فسانہ – 1940ء
(4) شب خون – 1966ء
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**132.** کہانی "لمحے" کے راوی اُما کانت نے پنجاب یونیورسٹی سے بی۔اے۔ کرنے کے بعد کس مقام پر اپنا کاروبار شروع کیا تھا؟

(1) لاہور (2) گجرانوالہ
(3) پشاور (4) کراچی
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**133.** سریندر پرکاش کا اصل نام کیا ہے؟

(1) سریندر کمار سنگھ
(2) سریندر پرکاش سنگھ
(3) سریندر پرکاش اوبرائے
(4) سریندر کمار اوبرائے
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**134.** افسانہ "بجوکا" سُریندر پرکاش کے کس افسانوی مجموعے میں شامل ہے؟

(1) دوسرے آدمی کا ڈرائنگ روم
(2) برف پر مکالمہ
(3) حاضر، حال، جاری
(4) بازگوئی
(5) سوال حل نہیں کیا گیا

135. افسانہ "سکون کی نیند" میں باہر کے ملکوں نے تجارت کے نام پر ماچس کتنے روپے میں بیچنا شروع کر دی تھی؟

(1) پانچ سو (2) ایک ہزار

(3) دو ہزار (4) چار ہزار

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

136. کہانی "سکون کی نیند" میں نیند نہ آنے کے انجکشنوں کو سرکاری اسپتالوں میں کس نام سے پہنچایا گیا؟

(1) وٹامن (2) فائبر

(3) گلوکوز (4) انسولین

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

137. ذیل میں سے کون سی کتاب خواجہ حسن نظامی کی ہے؟

(1) سی پارۂ دل (2) اعتبار نظر

(3) ذوق ادب (4) آب گم

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

138. "مچھر کی سنو تو وہ آدمی کو کھری کھری سناتا ہے اور کہتا ہے کہ جناب ہمت ہے تو مقابلہ کیجیے۔"

درج بالا جملے میں مستعمل محاورہ 'کھری کھری سنانا' کا کیا مفہوم ہے؟

(1) گالیاں دینا (2) تعریف کرنا

(3) برائی کرنا (4) صاف صاف کہنا

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

139. خوجی اپنی عام گفتگو میں اپنا مذہب اور اپنی قومیت کیا ظاہر کرتا ہے؟

(1) عیسائی (2) مسلمان

(3) اشتراکی (4) ہندوستانی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

140. نواب صاحب کے بہ قول فسانہ آزاد کے کردار 'خوجی' کی عمر کیا ہے؟

(1) پچاس سال (2) پچپن سال

(3) ساٹھ سال (4) ستّر سال

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

141. احمد جمال پاشا زمانۂ طالب علمی میں علی گڑھ کے کس رسالے کے مدیر ہوئے؟

(1) تہذیب الاخلاق (2) فکر و نظر

(3) اسکالر (4) الفاظ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

142. "سرو سرو! کلیم الدین نے پند بانت تو ٹھینک کہیں ہیں۔"

مضمون کلیم الدین احمد میں مذکورہ بالا جملہ کس نے کہا؟

(1) احمد جمال پاشا (2) سید احتشام حسین

(3) ڈاکٹر اختر اورینوی (4) ڈاکٹر احسن فاروقی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**143.** ذیل میں سے میر باقر علی داستان گو کی لکھی ہوئی کتاب کون سی ہے؟

(1) الٰہی بخش ہاتھی

(2) مولا بخش ہاتھی

(3) پاجی دلہن

(4) کلوّ خاں نے بلبل جان کو طلاق دے دی

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**144.** میر باقر علی نے جب اپنے گھر پر داستان کہنی شروع کی، تو کتنے آنے کا ٹکٹ لگایا؟

(1) چار آنہ　(2) تین آنہ

(3) دو آنہ　(4) ایک آنہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**145.** ذیل میں سے 'طرفین تشبیہ' کسے کہتے ہیں؟

(1) مشبہ اور مشبہ بہ

(2) مشبہ اور وجہ تشبیہ

(3) مشبہ اور غرض تشبیہ

(4) مشبہ بہ اور حرف تشبیہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**146.** خرام ناز سے او بُت نہ آنا میرے مرقد پر

تری ٹھوکر میں ہے انداز اعجاز مسیحائی

درج بالا شعر میں بُت کیا ہے؟

(1) وجہ جامع　(2) مستعار لہٗ

(3) مستعار منہ　(4) غرض تشبیہ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**147.** وعدہ شام پہ کی ہم نے عبث جاگ کے صبح

وہ اسی وقت نہ آتے اگر آنا ہوتا

مذکورہ شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟

(1) مبالغہ　(2) ایہام

(3) حسن تعلیل　(4) تضاد

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**148.** صنعت 'تجاہل عارفانہ' کے استعمال کا بالعموم کیا مقصد ہوتا ہے؟

(1) کسی کی تعریف میں مبالغہ کرنا

(2) ناواقفیت ظاہر کرنا

(3) برائی کرنا

(4) بھرتی کے الفاظ استعمال کرنا

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**149.** اگر کسی غزل میں تیسرا مطلع بھی کہا جائے تو اس مطلع کو کیا کہتے ہیں؟

(1) مطلع رابع　(2) مطلع ثالث

(3) مطلع ثانی　(4) حسن مطلع

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

**150.** ہیرا کی زبان سے اس کے نسب کی تعریف، اسلاف کے کارناموں کا بیان اور فن جنگ میں اس کی مہارت کا اظہار مرثیہ کے کس جزو میں کیا جاتا ہے؟

(1) سراپا　(2) رجز

(3) آمد　(4) جنگ

(5) سوال حل نہیں کیا گیا

## रफ कार्य के लिए स्थान / SPACE FOR ROUGH WORK